خبر نامہ

ادارہ

☆ قاموس القرآن الکریم، موسسۃ الکویت للتقدم العلمی، الکویت۔

عربی زبان میں اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے جس میں تشریعی، تاریخی، اثری جغرافیائی، نباتاتی معلومات تصویروں اور نقشوں کی مدد سے ترتیب دی گئی ہے۔ اس کی تیاری ڈاکٹر عبداللہ یوسف الغنیم، ڈاکٹر خالد المذکور، ڈاکٹر عبدالستار ابو غدہ اور مختلف علوم وفنون کے ماہر اساتذہ کی نگرانی میں انجام پائی ہے۔ انگریزی اور فرانسیسی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو رہا ہے۔

☆ المدخل اور معجم النبات لقاموس القرآن الکریم کا انگریزی اور فرانسیسی زبانوں میں ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ المدخل میں سات بنیادی باب ہیں اور معجم میں قرآن شریف میں مذکور نباتات کا بیان ہے۔

☆ مدخل القرآن الکریم سے متعلق درج ذیل تین کتابیں عربی زبان میں شائع ہو چکی ہیں۔

۱) ڈاکٹر حمد عبدالهادی ابوریدۃ کی مضمون القرآن الکریم فی قضایا الایمان والنبوۃ والاخلاق والکون۔

۲) ڈاکٹر عجیل جاسم النشمی کی طرق استنباط الاحکام من القرآن الکریم۔

۳) ڈاکٹر احمد مختار عمر کی لغۃ القرآن دراسۃ توثیقیۃ فنیۃ۔

(ماہنامہ الفرقان، صفاۃ، الکویت، شمارہ ۷۷، اگست ۱۹۹۷ء ص، ۱۲)

انڈونیشی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ

قاہرہ۔ جامعہ الازہر کے ریکٹر ڈاکٹر محمد سید طنطاوی نے کہا ہے کہ الازہر نے قرآن کریم کے انڈونیشی زبان میں ترجمہ کی منظوری دے دی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ یہ ترجمہ اسلامی تعلیمات کے ماہر ڈاکٹر عمر باکری نے کیا ہے اور سترہویں صدی کے بعد سے انڈونیشی زبان میں قرآن کریم کے تراجم میں جدید ترین ہے۔ انھوں نے رابطہ عالم اسلامی کی طرف